57th Year


بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز



## ٹریوس ہیڈ کا بڑا کارنامہ

آسٹریلیائی اوپنر ٹریوس ہیڈ نے سنگ میل عبور کرتے ہوئے دنیائے کرکٹ کے بے تاج بادشاہ سر ڈان بریڈمین کی برابری کر لی۔ (تفصیلات اندر)



## رونالڈو کا ریکارڈ برابر کر دیا

ریال میڈرڈ کے مایہ ناز فارورڈ کائلن ایمباپے نے فٹ بال کی دنیا میں ایک نیا سنگ میل عبور کرتے ہوئے اپنے (آئیڈل) رونالڈو کا ایک کیلنڈر ایئر میں سب سے زیادہ گول کرنے کا ریکارڈ برابر کر دیا۔

جلد نمبر 57 | Monday 22nd December 2025 | ۲۲ دسمبر ۲۰۲۵ بروز سوموار بمطابق یکم رجب ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 351 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net

## آسمان پر گھنے بادل اور زمین پر کم حد نگاہ کے سبب

## سرینگر ہوائی اڈہ پر 15 پروازیں منسوخ، سینکڑوں مسافر پریشان حال

سرینگر/ یو این آئی/ خراب موسمی حالات کے باعث اتوار کے روز سری نگر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر فضائی آپریشن بری طرح متاثر رہا، جس کے نتیجے میں دوپہر ایک بجے تک کم از کم 15 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ ایئرپورٹ حکام کے مطابق خراب موسم اور کم حدِ نگاہ نے آمد و روانگی دونوں کو متاثر کیا، جس سے مسافروں کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایئرپورٹ کے ایک سینئر عہدیدار نے بتایا کہ اتوار کی صبح سے ہی وادی میں موسم کی خرابی کے سبب فضائی سرگرمیاں متاثر رہیں۔ گھنے بادلوں اور کم حدِ نگاہ کے باعث کئی پروازوں کو یا تو منسوخ کرنا پڑا یا تاخیر کا شکار ہونا پڑا۔ حکام کے مطابق دوپہر بجے تک دو آمدی پروازیں تاحال التوا کا شکار تھیں، جبکہ چار روانگی کی پروازیں ایپرن پر موسم کی بہتری کے انتظار میں کھڑی رہیں۔ پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے سبب بڑی تعداد میں مسافر ہوائی اڈے پر پھنس گئے۔/1




## عمر عبداللہ کی والدین سے بچوں کو پولیو قطرے پلوانے کی تاکید

## محکمہ صحت کے عملے اور رضا کاروں کی انتھک خدمات کو سراہا

سری نگر، 21 دسمبر (یو این آئی) جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اتوار کو پلس پولیو مہم کے موقع پر والدین کو زور دیا ہے کہ وہ 5 سال کی عمر کے تمام بچوں کو قریبی پولیو مراکز پر پولیو کے قطرے پلوائیں۔ انہوں نے پولیو سے پاک جموں وکشمیر کے لئے حکومت کے پختہ عزم کا اعادہ کرتے ہوئے محکمہ صحت کے عملے اور رضا کاروں کی انتھک خدمات کو سراہا جو بچوں کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے کے لئے مسلسل



کوششیں کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ ملک بھر کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی آج یعنی اتوار کو پلس پولیو دن منایا جا رہا ہے اور سری نگر میں 686 پلس پولیو بوتھ قائم کئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر کے 'ایکس' ہینڈل پر/2

## بارش اور برف کو اپنے ساتھ لا کر **چلہ کلان** کا خیر مقدم

## آغاز تو اچھا ہے انجام خدا جانے/ اہل وادی کشمیر

سرینگر/ وادی کشمیر میں چلہ کلان کے باضابطہ آغاز کے ساتھ ہی موسم نے کروٹ لیتے ہوئے طویل خشک سالی کا سلسلہ توڑ دیا ہے۔ اتوار کے روز وادی کے بالائی علاقوں میں برفباری جبکہ میدانی علاقوں میں بارش ریکارڈ کی گئی، جس سے نہ صرف سردی کی شدت میں اضافہ ہوا بلکہ پانی کی قلت اور ماحولیاتی خدشات سے دوچار عوام کو بھی بڑی راحت ملی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شمالی کشمیر کے مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں تقریباً دو انچ برف جمع ہو چکی ہے، جبکہ سونہ مرگ، زوجیلا، سادھنا ٹاپ اور دیگر بلند پہاڑی علاقوں میں وقفے وقفے سے برفباری کا سلسلہ جاری ہے۔ سادھنا ٹاپ پر گزشتہ شب سے اب تک تقریباً چھ انچ برف پڑ چکی ہے، جس کے باعث قریبی علاقوں میں سردی کی لہر مزید تیز ہو گئی ہے۔ دوسری جانب سری نگر سمیت وادی کے بیشتر میدانی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ریکارڈ کی گئی، جو رات بھر وقفے وقفے سے جاری رہی۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران مزید بارش اور برفباری کی پیش گوئی کی ہے اور کہا ہے کہ موجودہ موسمی نظام برقرار رہا تو کئی دیگر علاقوں میں بھی بارش برفباری میں تبدیل ہو سکتی ہے۔ موسمی ماہرین کا کہنا ہے کہ چلہ کلان کے پہلے دن بارش اور برفباری کو مقامی روایت میں نیک شگون سمجھا جاتا ہے اور یہ آنے والے ہفتوں میں بہتر برفباری کی علامت تصور کی جاتی ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ برس خشک موسم کی وجہ سے نہ صرف آبی ذخائر پر منفی اثر پڑا تھا بلکہ سیاحت، باغبانی اور زراعت کے شعبے بھی شدید متاثر ہوئے تھے۔ طویل خشک سالی کے سبب وادی میں نزلہ، زکام اور سانس کی بیماریوں میں/4



## راشن سے بھری ریل گاڑی پہلی بار اننت ناگ کے ونپوہ سٹیشن تک آ گئی

## نیشنل ہائی وے کے بار بار بند ہونے سے راشن کی سپلائی میں رکاوٹیں ختم ہونے کا آغاز

سرینگر/ کے این ایس/ اننت ناگ کے لیے ایک اہم اور تاریخی پیش رفت کے طور پر پہلی بار راشن سے بھری ٹرین ضلع اننت ناگ کے ونپوہ ریلوے اسٹیشن پر پہنچ گئی ہے، جس سے خطے میں ضروری اشیائے خورد ونوش کی ترسیل کے نظام کو مضبوط بنانے کی نئی راہیں ہموار ہو گئی ہیں۔ کشمیر نیوز سروس کے مطابق پنجاب سے روانہ ہونے والی یہ



ٹرین سخت ترین سکیورٹی انتظامات کے بیچ ریلوے پولیس کی نگرانی میں بحفاظت ونپوہ ریلوے اسٹیشن پر پہنچی۔ ریلوے کے ذریعے راشن کی ترسیل کو وادی کشمیر کے لیے ایک بڑی سہولت اور اہم متبادل قرار دیا جا رہا ہے۔ ماضی میں قومی شاہراہ کی بار بار بندش، بالخصوص خراب موسمی حالات کے دوران، کشمیر میں راشن اور دیگر ضروری اشیاء کی قلت ایک بڑا مسئلہ بنی رہی ہے۔ اس نئی ریل سروس کے آغاز سے توقع ہے کہ ان مشکلات پر بڑی حد تک قابو پایا جا سکے گا اور عوام کو بلا تعطل راشن کی فراہمی ممکن ہو گی۔ اس اقدام سے نہ صرف راشن کی بروقت دستیابی یقینی بنے گی بلکہ اننت ناگ اور آس پاس کے علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔ راشن کی لوڈنگ، ان لوڈنگ، ذخیرہ اندوزی اور ترسیل کے مختلف مراحل میں مقامی افراد کو روزگار/3

## LG کی بھارتی ریلوے کو مبارک باد



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پہلی بار تقریباً 1,3,84 ٹن چاول لے کر وادیٔ کشمیر پہنچنے پر بھارتی ریلوے کو مُبارک باد دِی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ بلاشبہ یہ ایک بہت ہی یادگار موقعہ ہے اور کشمیر خطے کو قومی مال برداری کے نیٹ ورک سے جوڑنے کے ہمارے دیرینہ خواب کی تعبیر ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ مال بردار ٹرینوں کی آمد و رفت سے سال بھر خراب موسمی حالات کے خطرے کے بغیر لوگوں، کاروباری اداروں اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کو فائدہ پہنچے گا اور قومی شاہراہ 44 پر دباؤ بھی کم ہو گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے جموں وکشمیر کی اقتصادی ترقی کو بھارت کی تیز رفتار ترقی کا لازمی حصہ بنانے پر وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر ریلوے اشونی ویشنو کا شکریہ اَدا کیا۔

## بغیر زنجیر ٹائروں والی گاڑیوں کو گلمرگ جانے کی اجازت نہیں

## ٹنگمرگ سے آگے سڑک پر جگہ جگہ چیکنگ کیلئے اہلکار تعینات

سرینگر/ کے این ایس/ مسلسل برف باری اور موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر حکام نے ٹنگمرگ، گلمرگ روڈ پر ٹریفک پابندیوں کو سختی سے نافذ کیا ہے تاکہ عوام کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔ کے این ایس کے مطابق بارش اور برف باری کے آغاز کے ساتھ ٹنگمرگ، گلمرگ روڈ پر چلیں۔ ٹنگمرگ ٹی سی پی ناکہ پر پولیس اہلکار فعال طور پر تعینات ہیں، جہاں گاڑیوں کی جانچ کی جا رہی ہے۔ صرف ان گاڑیوں کو ہی گلمرگ کی طرف جانے کی اجازت دی جا رہی ہے جو اینٹی اسکڈ چینز سے لیس ہیں۔ عہدیداروں نے مزید کہا کہ گلمرگ روڈ بشمول ٹنگمرگ گلمرگ اسٹریچ کو کلیئر کر دیا گیا ہے اور برف صاف کرنے کی کارروائیاں اسنو کٹر کا استعمال کرتے ہوئے مسلسل جاری ہیں تاکہ تازہ برف باری کے دوران سڑک کو فعال رکھا جا سکے۔ بڑی گاڑیوں کو آج سے گلمرگ کی طرف جانے سے مکمل طور پر روک دیا گیا ہے، خاص طور پر گزشتہ رات گلمرگ/5

## ادھم پور میں وسیع پیمانے پر تلاشی آپریشن کو تیز کر دیا گیا/ پولیس

## کچھ علاقوں میں دہشت گردوں کی موجودگی کے شبہہ پر سخت کارروائی

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع اُدھم پور میں دہشت گردوں کی اطلاع موصول ہونے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے بڑے تلاشی آپریشن کا آغاز کر دیا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ سیکورٹی فورسز نے ممکنہ فرار ہونے کے راستوں پر پہرے بٹھا کر لوگوں کے چلنے پھرنے پر پابندی عائد کر دی ہے۔ ذرائع کے مطابق، ہفتہ کی شام تقریباً ساڑھے چھ بجے چورے موٹو گاؤں میں دو نامعلوم دہشت گرد مقامی شہری مانگتو رام کے گھر میں داخل ہوئے اور کھانا لینے کے بعد موقع سے فرار ہو گئے۔ اس واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور نیم فوجی دستوں کو فوری طور پر متحرک کر دیا گیا، تاہم اندھیرے اور گھنے جنگلات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے/6

## ایک ہی زمین کئی افراد کو فروخت کرنے کا معاملہ

## چار ریونیو افسروں سمیت پانچ ملزموں کے خلاف چارج شیٹ دائر

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اقتصادی جرائم ونگ نے ایک ہائی پروفائل اراضی فراڈ معاملے میں چار سینئر ریونیو افسروں سمیت پانچ ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ کرائم برانچ نے تعزیرات ہند کی دفعات 420، 467، 468، 471 اور 120-بی اور انسداد بدعنوانی ایک کی دفعہ 5 (2) کے تحت زیر ایف آئی آر نمبر 2/2021 خصوصی جج اینٹی کورپشن سری نگر کی عدالت میں ایک چارج شیٹ داخل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ چارج شیٹ پانچ ملزموں کے خلاف داخل کی گئی ہے جن میں چار ریونیو افسران شامل ہیں۔ بیان میں ملزموں کی شناخت نصرت عزیز دختر عبد العزیز لون (اس وقت کی تحصیلدار سٹلمنٹ سری نگر) ساکن گریز، حال مقیم مہجور نگر، سری نگر، شہباز بودھا ولد شیر علی بودھا (اُس کا تحصیلدار ساؤتھ سری نگر اور اس وقت اسسٹنٹ کمشنر ریونیو، پلوامہ کے طور تعینات) ساکن ڈورو اننت ناگ، محمد یاسین کلہ ولد غلام محمد کلہ (اُس وقت پٹواری بالہامہ، اس وقت اوجیو چھانہ پورہ کے طور تعینات) ساکن شمس واری خانقاہ معلیٰ سری نگر،/7

## وزیر صحت سکینہ ایتو نے بچے کو قطرے پلا کر پلس پولیو مہم کا آغاز کیا

## والدین اور سرپرستوں سے اپیل کی کہ وہ محکمہ صحت کے کارکنوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

جموں/ وزیر برائے صحت وطبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ اِیتو نے کل یہاں گورنمنٹ ہسپتال گاندھی نگر میں قومی حفاظتی ٹیکوں کے دِن (پولیو ڈے) کا اِفتتاح کر کے جموں سے پورے جموں وکشمیر میں 'پلس پولیو مہم' کا باضابطہ آغاز کیا۔ اس مہم کا اِفتتاح وزیرِ صحت نے نولود بچوں اور بچوں کو اورل پولیو ویکسین (او پی وِی) کے قطرے پلانے کے ساتھ کیا جو آئندہ نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لئے حکومت کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر سکینہ اِیتو نے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے معمول کی ٹیکہ کاری اور سماجی شراکت داری کے اہم کردار پر زور دیا تاکہ جموں وکشمیر کی پولیو فری حیثیت برقرار رکھی جا سکے۔ اُنہوں نے والدین اور سرپرستوں سے اپیل کی کہ وہ صحت کارکنوں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور مہم کے دوران ہر بچے کو زِندگی بچانے والی ویکسین دلانا یقینی بنائیں۔ اُنہوں نے کہا، ''اِس مہم کے تحت بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کو یقینی بنانا نہ صرف ماں بلکہ والدین دونوں کی اہم ذمہ داری ہے۔'' اُنہوں نے بچوں کی صحت کے تحفظ اور ہندوستان کی/10




## تقریباً 7 درجن انڈوں کا جائزہ لینے اور معائنہ کرنے کے بعد

## لیبارٹری میں ٹیسٹ کرنے والوں نے انڈوں کو مضر صحت قرار نہیں دیا

سرینگر/ اے پی آئی/ انڈوں کو صحت مند زندگی کیلئے لازمی قرار دیتے ہوئے فوڈ سیفٹی انڈیا نے کہا کہ ملک میں مضر صحت انڈے کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ 85 کے قریب نمونے ٹیسٹ کیلئے لیبارٹری کو روانہ کئے گئے تھے، تمام ٹیسٹ منفی ثابت ہوئے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق گذشتہ دنوں جموں وکشمیر سمیت ملک کی دوسری ریاستوں مرکزی زیر انتظام علاقوں میں سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا میں خبریں شائع ہوئیں کہ انڈے کھانے سے کینسر کی بیماری پھوٹ پڑنے کے امکانات ہیں اور ملک میں مضر صحت نقلی انڈے فروخت کئے جا رہے ہیں۔ جموں وکشمیر میں بھی فوڈ سیفٹی محکمہ متحرک ہوا اور انڈوں کے نمونے حاصل کر کے ٹیسٹ کیلئے لیبارٹری کو روانہ کئے گئے۔ اس سے پہلے فوڈ سیفٹی آف انڈیا کی جانب سے اس بات کا انکشاف کیا گیا کہ مضر صحت انڈے ملک میں فروخت نہیں ہو رہے ہیں۔ ایسی کوئی ضمانت نہیں ملی جس سے یہ ثابت ہو کہ مضر صحت یا نقلی انڈے فروخت کئے جا رہے ہیں۔ فوڈ سیفٹی محکمہ کے مطابق 85 کے قریب انڈوں کے/8

## بنگلہ دیشی ہائی کمیشن کی سیکورٹی میں

## کوئی کوتاہی نہیں ہوئی/ وزارتِ خارجہ

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزارت خارجہ نے بنگلہ دیشی میڈیا میں یہاں بنگلہ دیشی ہائی کمیشن کی سیکورٹی کے حوالے سے کئے جا رہے پروپیگنڈے پر سخت اعتراض کیا ہے اور کہا ہے کہ ہائی کمیشن کی سیکورٹی کی صورتحال کو خراب کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے اور لوگوں کو گمراہ نہیں کیا جانا چاہئے۔ وزارتِ خارجہ کے سرکاری ترجمان رندھیر جیسوال نے یہاں واقع بنگلہ دیش ہائی کمیشن کے سامنے ہفتے کے روز ہونے والے مظاہرے کے بارے میں میڈیا کے سوالات کے جواب میں اتوار کے روز کہا کہ ہندوستان ویانا کنونشن کے مطابق/12

## صدر جمہوریہ کی طرف سے

## وی بی۔جی رام جی بل کو منظوری

نئی دہلی/ یو این آئی/ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے اتوار کو دیہی روزگار پالیسی میں ایک اہم تبدیلی لانے والے 'وکست بھارت گارنٹی فار روزگار اینڈ اجیوکا مشن (گرامین)' وی بی جی رام جی بل 2025 کو اپنی منظوری دے دی۔ یہ قانون دیہی خاندانوں کے لیے ہر مالی سال میں مزدوری پر مبنی روزگار کی قانونی ضمانت کو بڑھا کر 125 دن تک کرتا ہے اور بااختیار، جامع ترقی، اسکیموں کے باہمی انضمام (کنورجنس) اور مو؟ثر انداز میں خدمات کی فراہمی کو فروغ دینے کی کوشش کرتا ہے، جس سے خوشحال، باصلاحیت/13

## جموں میں سامبا میں ایک مشتبہ شخص کو حراست میں لے لیا گیا

## سدھرا سے ایک دوربین (جو ہتھیار پر نصب کی جا سکتی ہے) برآمد/ پولیس

جموں/ دو الگ الگ واقعات میں، پولیس نے اتوار کو یہاں کے ایک علاقے سے ایک "چینی ساختہ" ہتھیاروں سے چلنے والی ٹیلی سکوپ ضبط کی اور ایک 24 سالہ شخص کو سانبہ ضلع میں پوچھ گچھ کے لیے گرفتار کیا۔ پولیس کے ایک ترجمان نے کہا، ''جموں (دیہی) پولیس نے سدھرا کے علاقے سے ایک دوربین کو (جسے ہتھیار پر نصب کیا جا سکتا ہے) برآمد کیا۔ حکام نے بتایا کہ سدھرا علاقے کے علاقے اسرار آباد میں ایک چھ سالہ لڑکے کے پاس "چینی ساختہ" دوربین پائی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ بچے کے اہل خانہ نے پوچھ گچھ کے دوران دعویٰ کیا کہ لڑکے کو اتوار کی صبح قریبی کچرے کے ڈھیر سے یہ چیز ملی تھی۔ ترجمان نے کہا کہ پولیس اور اسپیشل آپریشنز گروپ (SOG) کی پارٹیاں اس معاملے کی مزید تفتیش کر رہی ہیں۔ اہلکار نے مزید کہا "عوام کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ گھبرائیں نہیں،"۔ انہوں نے بتایا کہ ایک الگ واقعے میں، پولیس نے تنویر احمد کو ضلع سامبا کے گاؤں دیانی سے پوچھ گچھ کے لیے حراست میں لیا، مبینہ طور پر اس کے موبائل/11

## منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی

## ایک کروڑ 20 لاکھ روپے جائیداد ضبط

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کے ناسور کے خلاف اپنی مسلسل اور فیصلہ کن کارروائیوں کے تحت سرینگر میں بدنام زمانہ منشیات فروشوں کی ایک کروڑ 20 لاکھ روپے مالیت کی جائیداد ضبط کر لی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ضبط کی گئی جائیداد میں دو منزلہ رہائشی مکان اور مویشی خانہ شامل ہے، جو کرنبل پنزی نارا کے رہائشی غلام نبی وانی ولد مرحوم علی محمد وانی اور ان کے صاحبزادے پرویز احمد وانی کی ملکیت ہے۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان پولیس اسٹیشن شالٹینگ میں درج ایف آئی آر نمبر 81/2025 کے تحت منشیات کی اسمگلنگ اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث پائے گئے ہیں۔

## لیفٹیننٹ کرنل دیپک شرما اور ایک اور شخص وزارت دفاع میں

## مبینہ رشوت ستانی کے معاملے میں گرفتار، CBI کی طرف سے کارروائی

نئی دہلی/ یو این آئی/ سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے ہفتہ کو لیفٹیننٹ کرنل دیپک کمار شرما، ڈپٹی پلاننگ آفیسر (بین الاقوامی تعاون اور برآمدات) دفاعی پیداوار، وزارت دفاع اور ایک نجی فرد ونود کمار کو مبینہ رشوت اور مجرمانہ سازش کے سلسلے میں گرفتار کیا۔ وزارت دفاع کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق یہ مقدمہ لیفٹیننٹ کرنل شرما، ان کی اہلیہ کرنل کاجل بالی (اس وقت راجستھان کے سری گنگا نگر میں 16 انفنٹری ڈویژن آرڈیننس یونٹ کے کمانڈنگ آفیسر) اور دبئی کی ایک کمپنی سمیت دیگر ملزمان کے خلاف مصدقہ معلومات کی بنیاد پر درج کیا گیا تھا۔ یہ الزام ہے کہ لیفٹیننٹ کرنل شرما دفاعی مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں مصروف پرائیویٹ کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ مل کر عادی بدعنوان اور غیر قانونی سرگرمیوں میں مصروف تھے۔ اس پر الزام ہے کہ اس نے ایسی فرموں کو غیر قانونی فائدہ پہنچانے کے عوض ناجائز فوائد حاصل کیے ہیں۔ سی بی آئی کے مطابق ملزم کمپنی کے انڈیا آپریشنز کو سنبھالنے والے راجیو یادو اور روجیت سنگھ لیفٹیننٹ کرنل شرما کے ساتھ باقاعدہ رابطے میں تھے۔ انہوں نے مبینہ/9

# سپورٹس ٹائمز



## ٹریوس ہیڈ کا بڑا کارنامہ

ایڈیلیڈ، 21 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیائی اوپنر ٹریوس ہیڈ نے سنگ میل عبور کرتے ہوئے دنیائے کرکٹ کے بے تاج بادشاہ سر ڈان بریڈ مین کی برابری کر لی۔ کرکٹ کی دنیا میں قدم رکھنے والے ہر کھلاڑی کے آل ٹائم آئیڈیل لیجنڈری سر ڈان بریڈ مین رہے ہیں۔ آسٹریلیائی اوپنر ٹریوس ہیڈ نے ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں سنچری اسکور کرنے کے ساتھ ہی سر ڈان بریڈ مین کی برابری کرلی ہے۔ رواں ایشیز سیریز کا تیسرا ٹیسٹ ایڈیلیڈ میں کھیلا گیا، جس میں 31 سالہ ان فارم ٹریوس ہیڈ نے ناقابل شکست 147 رنز کی اننگز کھیل کر سر ڈان بریڈ مین کی برابری کرلی۔ ٹریوس ہیڈ اس سنچری کے ساتھ آسٹریلیائی سرزمین پر لگاتار چار ٹیسٹ سنچریاں بنانے والے تاریخ کے پانچویں بلے باز بن گئے۔



# آسٹریلیا نے انگلینڈ کو ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں 82 رنز سے ہرا کر ایشز سیریز جیت لی

ایڈیلیڈ، 21 دسمبر (یو این آئی) آسٹریلیا نے انگلینڈ کو ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں 82 رنز سے شکست دے کر ایشز سیریز میں 3-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ انگلش ٹیم نے ٹیسٹ کے آخری روز 435 رنز کے ہدف کے تعاقب میں 207 رنز 6 کھلاڑی آئوٹ پر اننگز دوبارہ شروع کی تو جیمی اسمتھ، ول جیکس اور بریڈن کارس نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کرتے ہوئے انگلینڈ کی امیدوں کو کچھ دیر تک زندہ رکھا تاہم یہ کوششیں سیریز بچانے کے لیے ناکافی ثابت ہوئیں۔ جیمی اسمتھ اور ول جیکس نے ساتویں وکٹ میں 91 رنز کی شراکت قائم کرکے ٹیم کا اسکور 337 تک پہنچادیا۔ اس موقع پر مچل اسٹارک نے جیمی اسمتھ کو 60 کے انفرادی اسکور پر آوٹ کرکے اپنی ٹیم کو اہم کامیابی دلوائی۔ ول جیکس بھی 47 رنز کی مزاحمتی اننگز کھیل کر مچل سٹارک کا شکار بن گئے۔ جوفرا آرچر 3 اور جوش ٹنگ ایک رن بنا کر آوٹ ہوئے۔ اس طرح انگلینڈ کی پوری ٹیم 352 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی۔ بریڈن کارس 39 رنز کے ساتھ ناٹ آوٹ رہے۔ مچل اسٹارک، کپتان پیٹ کمنز اور نیتھن لائن نے تین، تین کھلاڑیوں کو آوٹ کیا۔ ایلیکس کیری کو شاندار کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا، انہوں نے پہلی اننگز میں 106 اور دوسری اننگز میں 72 رنز بنائے جبکہ وکٹوں کے پیچھے چھ کیچ بھی تھام کر ٹیم کی کامیابی میں نمایاں حصہ ڈالا۔ میچ میں آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں 371 اور دوسری اننگز میں 349 رنز بنائے جبکہ انگلینڈ پہلی اننگز میں 286 رنز تک محدود رہی تھی۔ اس کامیابی کے ساتھ آسٹریلیا نے پانچ ٹیسٹ میچز پر مشتمل ایشز سیریز میں انگلینڈ کے خلاف تین صفر کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی ہے۔ سیریز کا چوتھا ٹیسٹ 26 دسمبر سے میلبورن میں کھیلا جائے گا۔

## شاید حکمتِ عملی اور تیاریوں میں کمی رہ گئی/برینڈن میکلم کا اعتراف



ایڈیلیڈ، 21 دسمبر (یو این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ برینڈن میکلم نے ایشیز سیریز میں آسٹریلیا کے ہاتھوں محض 11 دنوں کے کھیل میں سیریز گنوانے کی ذمہ داری قبول کرلی ہے۔ ایڈیلیڈ ٹیسٹ میں آسٹریلیا کی 82 رنز سے جیت اور سیریز میں 3-0 کی ناقابلِ شکست برتری کے بعد میکلم نے اعتراف کیا کہ ان کی حکمتِ عملی اور تیاریوں میں کمی رہ گئی۔ ٹی این ٹی اسپورٹس سے گفتگو کرتے ہوئے برینڈن میکلم نے کھلے دل سے تسلیم کیا کہ کینگروز نے انگلینڈ کو کھیل کے ہر شعبے میں شکست دی۔ انہوں نے کہا: ”آسٹریلیا نے ہمیں بیٹنگ اور بالنگ کے ساتھ ساتھ فیلڈنگ میں بھی مکمل طور پر آوٹ کلاس کر دیا۔

## بی سی سی آئی کا بلائنڈ ویمن کرکٹ ٹیم کا استقبال

ممبئی، 21 دسمبر (یو این آئی) ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ (بی سی سی آئی) نے ورلڈ کپ جیت کر تاریخ رقم کرنے والی ہندوستانی بلائنڈ ویمن کرکٹ ٹیم کو ہیڈ کوارٹر میں انتہائی گرمجوشی سے استقبال کیا گیا اور ان کی ناقابلِ شکست کارکردگی کو سراہا گیا۔ بی سی سی آئی کے صدر متھن منہاس نے ٹیم کی کامیابی کو سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا”یہ بلائنڈ ویمن کرکٹ ٹیم کے لیے ایک تاریخی لمحہ ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ان کھلاڑیوں نے ثابت کر دیا کہ عزم اور ہمت کے سامنے کوئی بھی رکاوٹ بڑی نہیں ہے۔“یہ دورہ ہندوستان میں بلائنڈ کرکٹ کی بڑھتی ہوئی پہچان اور قومی سطح پر ملنے والی حمایت کی عکاسی کرتا ہے۔ بورڈ کے سینیئر حکام نے کھلاڑیوں کے پختہ عزم اور ثابت قدمی کی بھرپور ستائش کی۔ بی سی سی آئی کے اعزازی خزانچی رگھورام بھٹ نے کھلاڑیوں کو اعزازات سے نوازا۔ اس موقع پر بورڈ کے اعزازی سیکرٹری دیوجیت سیکیا نے ویڈیو لنک کے ذریعے ٹیم سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی سی سی آئی مستقبل میں بھی ٹیم کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ بورڈ نے ٹیم کو مستقبل کے دوروں کے لیے پلیئنگ کٹس اور سفری سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ہندوستانی ٹیم نے پورے ٹورنامنٹ میں اپنی برتری برقرار رکھی اور ایک بھی میچ نہیں ہارا تھا۔ فائنل میں ہندوستان نے نیپال کو شکست دی۔ 115 رنز کے ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے ہندوستانی خواتین نے محض 12.1 اوورز میں 7 وکٹوں سے فتح حاصل کرکے عالمی خطاب اپنے نام کیا۔

## ڈیزرٹ وائپرز کی شارجہ واریئرز کے خلاف شاندار فتح، ٹاپ ٹو میں داخل

دبئی، 21 دسمبر (یو این آئی) ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 4 میں ڈیزرٹ وائپرز نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شارجہ واریئرز کو چار وکٹوں سے شکست دے دی۔ دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں وائپرز کی یہ ساتویں کامیابی ثابت ہوئی جس کے بعد ٹیم آٹھ میچوں میں 14 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل کے ٹاپ ٹو میں پہنچ گئی ہے۔ میچ میں شارجہ واریئرز کی ٹیم ڈیوڈ پینے کی تباہ کن بولنگ کے سامنے بے بس نظر آئی اور پوری ٹیم 17.5 اوورز میں صرف 90 رنز بنا کر آوٹ ہو گئی۔ ٹام ایبل 35 رنز کے ساتھ نمایاں رہے، جبکہ ڈیوڈ پینے نے 14 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں، نسیم شاہ اور نور احمد نے بھی دو، دو کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ جواب میں ڈیزرٹ وائپرز نے ہدف کا تعاقب محتاط انداز میں کیا۔ ابتدائی وکٹیں گرنے کے باوجود سیم کرن نے 37 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیل کر ٹیم کو سنبھالا۔ ٹام بروس نے آخر میں تیز رفتار رنز بنا کر وائپرز کو 13.5 اوورز میں فتح دلا دی۔ میچ کے اختتام پر ڈیوڈ پینے کو شاندار بولنگ پر پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اس فتح کے ساتھ ہی ڈیزرٹ وائپرز نے پلے آف مرحلے کے لیے مضبوط دعویٰ پیش کر دیا جبکہ شارجہ واریئرز پوائنٹس ٹیبل میں آخری پوزیشن پر موجود ہے۔



## ایمباپے نے اپنے ’آئیڈل‘ رونالڈو کا ریکارڈ برابر کر دیا؛ ایک سال میں 59 گول مکمل

میڈرڈ، 21 دسمبر (یو این آئی) ریال میڈرڈ کے مایہ ناز فارورڈ کائلن ایمباپے نے فٹ بال کی دنیا میں ایک نیا سنگ میل عبور کرتے ہوئے اپنے مثالی کھلاڑی (آئیڈل) کرسٹیانو رونالڈو کا ایک کیلنڈر ایئر میں سب سے زیادہ گول کرنے کا ریکارڈ برابر کر دیا ہے۔ ہفتہ کے روز لالیگا کے ایک سنسنی خیز مقابلے میں ریال میڈرڈ نے سیویلا کو 2-0 سے شکست دی۔ میچ کے آخری لمحات میں ایمباپے نے پنالٹی کک کو گول میں تبدیل کر کے سال 2025 کا اپنا 59 واں گول داغا۔ یہ وہی ہندسہ ہے جو کرسٹیانو رونالڈو نے 2013 میں ریال میڈرڈ کی جرسی میں حاصل کیا تھا۔ ایمباپے نے اپنی 27 ویں سالگرہ کے موقع پر یہ ریکارڈ برابر کیا۔ گول کرنے کے بعد ایمباپے نے رونالڈو کے مخصوص انداز (سیووووو) میں جشن منایا۔ میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فرانسیسی اسٹار کا کہنا تھا”یہ میرے لیے ناقابل یقین ہے کہ میں نے اپنے پہلے ہی مکمل سیزن میں وہ کارنامہ انجام دیا جو کرسٹیانو نے کیا تھا۔ وہ میرے آئیڈل اور ریال میڈرڈ کی تاریخ کے بہترین کھلاڑی ہیں۔ میرا جشن ان کے نام تھا کیونکہ انہوں نے یہاں ڈھلنے میں میری بہت مدد کی ہے۔ سیویلا کی ٹیم کھیل کے دوران مشکلات کا شکار رہی اور ان کے کھلاڑی 'مارکاو' کو ریڈ کارڈ دکھا کر میدان سے باہر بھیج دیا گیا۔ اس جیت کے بعد ریال میڈرڈ پوائنٹس ٹیبل پر دوسرے نمبر پر موجود ہے اور بارسلونا سے صرف ایک پوائنٹ پیچھے ہے۔




## افغانستان کرکٹ بورڈ کا بڑا دھماکہ؛ پانچ ٹیموں پر مشتمل ’افغانستان پریمیئر لیگ‘ کے انعقاد کا اعلان

دبئی، 21 دسمبر (یو این آئی) افغانستان کرکٹ بورڈ (اے سی بی) نے کرکٹ شائقین کے لیے بڑی خوشخبری سناتے ہوئے ایک نئی فرنچائز پر مبنی ٹی ٹوئنٹی لیگ، ”افغانستان پریمیئر لیگ“ (اے پی ایل) شروع کرنے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ اس لیگ کا پہلا ایڈیشن اکتوبر 2026 میں متحدہ عرب امارات کے میدانوں پر کھیلا جائے گا۔ اے سی بی کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق پہلے سیزن میں پانچ شہروں کی بنیاد پر فرنچائز ٹیمیں حصہ لیں گی۔ لیگ میں افغانستان کے اسٹار کھلاڑیوں کے ساتھ ساتھ دنیا بھر کے مشہور غیر ملکی پروفیشنلز اور ابھرتے ہوئے مقامی ٹیلنٹ کو ایکشن میں دیکھا جاسکے گا۔ کھلاڑیوں کی نیلامی یا ڈرافٹ کا عمل جون-جولائی 2026 کے آس پاس متوقع ہے۔ یادرہے کہ افغانستان کرکٹ بورڈ نے 2018 میں بھی اسی نام سے ایک لیگ شروع کی تھی جس میں شاہد آفریدی، کرس گیل اور برینڈن میکلم جیسے بڑے نام شامل تھے۔ تاہم، ادائیگیوں کے مسائل اور دیگر وجوہات کی بنا پر اسے بند کر دیا گیا تھا۔ اب بورڈ نے نئے سرے سے اور بہتر حکمت عملی کے ساتھ اس لیگ کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ دبئی میں لیگ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اے سی بی کے چیئرمین میر وائس اشرف نے کہا”افغانستان پریمیئر لیگ ہمارے کرکٹ کے سفر میں ایک سنگ میل ہے۔ یہ ہمارے کھلاڑیوں کے لیے نئے مواقع پیدا کرے گی اور اگلی نسل کو متاثر کرنے کے ساتھ ساتھ افغان کرکٹ کو عالمی اسٹیج پر دکھانے کا بہترین ذریعہ بنے گی۔ اس لیگ کے کامیاب انعقاد کے لیے افغان بورڈ نے ’ٹرانس گروپ‘ اور ’آئی ٹی ڈبلیو یونیورس‘ کے مشترکہ منصوبے کرکٹ وینچر کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔

## ٹاٹا اسٹیل ورلڈ 25 کلومیٹر ریس یوگانڈا کے چیپٹیگی کے نام، ہندوستانی رنر نے بنائے نئے قومی ریکارڈ




کولکتہ، 21 دسمبر (یو این آئی) یوگنڈا کے دوبار کے اولمپک چیمپئن جوشوا چیپٹیگی نے اتوار کو ٹاٹا اسٹیل ورلڈ 25 کلومیٹر کولکتہ 2025 میں مردوں کے ایلیٹ زمرے کا خطاب جیت کر اپنی برتری ثابت کر دی۔ اس ریس میں ہندوستانی ایتھلیٹس گل ویر سنگھ اور سیما نے بھی تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف ٹائٹلز جیتے بلکہ نئے قومی ریکارڈ بھی قائم کیے۔ 5000 اور 10000 میٹر کے عالمی ریکارڈ ہولڈر جوشوا چیپٹیگی نے 25 کلومیٹر کا فاصلہ 1:11:49 میں طے کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی۔ اس سے قبل انہوں نے رواں سال اپریل میں بنگلور میں منعقدہ ورلڈ 10 کلومیٹر ریس بھی جیتی تھی۔ چیپٹیگی نے تنزانیہ کے الفونس فیلکس سمبو اور لیسوتھو کے ٹیبیلو رامانگواتا کو پیچھے چھوڑ کر اپنی مہارت کا لوہا منوایا۔ ہندوستانی مردوں کے ایلیٹ زمرے میں گل ویر سنگھ نے اپنا خطاب برقرار رکھا۔ انہوں نے 1:12:06 کے وقت کے ساتھ نیا نیشنل ریکارڈ قائم کیا، جو ان کے اپنے پچھلے ریکارڈ (1:14:10) سے کہیں بہتر ہے۔ گل ویر مجموعی طور پر (انٹرنیشنل اسٹارز کے ساتھ) پانچویں نمبر پر رہے، جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ ہرمنجوت سنگھ اور ساون بروال بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر رہے۔ خواتین کے بھارتی ایلیٹ زمرے میں پہلی بار حصہ لینے والی سیما نے سب کو حیران کر دیا۔ انہوں نے 1:26:04 کا وقت نکال کر ایل سوریا کا طویل عرصے سے چلا آرہا نیشنل ریکارڈ (1:26:53) توڑ دیا۔ گزشتہ سال کی چیمپئن سنجیونی جادھو دوسرے جبکہ نرمل بین ٹھاکور تیسرے نمبر پر رہیں۔ خواتین کے انٹرنیشنل ایلیٹ زمرے میں ایتھوپیا کی ڈیگیٹسوا جیبیمیر اؤ نے 1:19:36 کے وقت کے ساتھ جیت حاصل کی اور دوسری بار کولکتہ 25 کلومیٹر ریس کا خطاب اپنے نام کیا۔



## بارسلونا کی نظریں ابھرتے ہوئے مصری اسٹار حمزہ عبدالکریم پر 18 ویں سالگرہ پر بڑا معاہدہ متوقع


قاہرہ / بارسلونا، 21 دسمبر (یو این آئی) ہسپانوی فٹ بال کلب بارسلونا نے مصر کے 17 سالہ ’ونڈر کڈ‘ اور النصر کے مایہ ناز اسٹرائیکر حمزہ عبدالکریم کو اپنی ٹیم میں شامل کرنے کے لیے کوششیں تیز کر دی ہیں۔ ٹرانسفر مارکیٹ کے مستند ماہر فیبریزیو رومانو سمیت متعدد ذرائع نے اس خبر کی تصدیق کی ہے کہ کاتالان کلب مصری نوجوان کی صلاحیتوں کا معترف ہو چکا ہے۔ کون ہیں حمزہ عبدالکریم؟ قاہرہ سے تعلق رکھنے والے حمزہ عبدالکریم نے حال ہی میں منعقدہ فیفا انڈر 17 ورلڈ کپ میں اپنی کارکردگی سے دنیا کو حیران کر دیا۔ انہوں نے ہیٹی اور وینزویلا کے خلاف شاندار گول کر کے عالمی اسکاؤٹس کی توجہ حاصل کی۔ حمزہ کو ایک روایتی ’ٹارگٹ مین‘ اسٹرائیکر مانا جاتا ہے جن کی جسمانی ساخت مضبوط اور فنشنگ (گول کرنے کی صلاحیت) انتہائی عمدہ ہے۔ انہوں نے فروری 2025 میں مصر کے مشہور کلب ’الاہلی‘ کی جانب سے اپنے سینئر کیریئر کا آغاز کیا۔ دائیں پاؤں سے کھیلنے والے اس اسٹرائیکر کا شاٹ انتہائی طاقتور ہے اور وہ مخالف ٹیم کے دفاعی کھلاڑیوں کو دباؤ میں رکھنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ بارسلونا کے لیے یہ سودا اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ یکم جنوری 2026 کو

# کونوے اور لیتھم کی سنچریوں کے بعد کنگ نے ویسٹ انڈیز کو مثبت آغاز دلایا



ماؤنٹ مانگانوئی 21 دسمبر:نیوزڈیسک: نیوزی لینڈ کے اوپنرز ڈیون کون وے اور ٹام لیتھم نے ایک بار پھر ویسٹ انڈیز کے خلاف شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے میچ پر مضبوط گرفت قائم کرلی جبکہ جواب میں برینڈن کنگ نے جرات مندانہ کھیل پیش کرتے ہوئے ویسٹ انڈیز کو ہدف کے تعاقب میں مثبت آغاز فراہم کیا۔نیوزی لینڈ نے اپنی دوسری انگز میں 8 وکٹوں پر 575 رنز بناکر انگز ڈکلیئر کی اور ویسٹ انڈیز کو جیت کے لیے462 رنز کا مشکل ہدف دیا۔اس سے قبل کون وے اور لیتھم نے پہلی انگز میں 323 رنز کی اوپننگ شراکت قائم کی تھی اور دوسری انگز میں دونوں نے دوبارہ سنچریاں اسکور کرتے ہوئے 192 رنز کی شراکت بنائی جس کے ساتھ وہ فرسٹ کلاس کرکٹ کی تاریخ میں ایک ہی میچ میں دو دو سنچریاں بنانے والی پہلی اوپننگ جوڑی بن گئے۔ان کی انگز کے دوران کین ولیمسن اور راچن رویندرا نے بھی صرف 37 گیندوں پر72 رنز کی تیز رفتار شراکت قائم کی جس سے نیوزی لینڈ کی برتری مزید مستحکم ہوگئی۔اس سے پہلے دن کے آغاز میں نیوزی لینڈ نے ویسٹ انڈیز کو420 رنز پر آؤٹ کرکے پہلی انگز میں 155 رنز کی برتری حاصل کی تھی جس میں کیویم ہوج نے ناقابل شکست 123 رنز بنائے جبکہ جیکب ڈفی نے 4 وکٹیں حاصل کیں۔ پچ پر غیر متوازن باؤنس دیکھنے کو ملا جس نے بیٹسمینوں کو مشکلات میں ڈالا اور اسی دوران ڈفی نے ابتدائی اوورز میں اینڈرسن فلپس اور شائی ہوپ کو آؤٹ کیا۔ویسٹ انڈیز کی دوسری انگز میں برینڈن کنگ اور جان کیمبل نے بغیر کسی نقصان کے دن کا اختتام کیا جہاں کنگ 37 اور کیمبل 2 رنز پر ناٹ آؤٹ رہے تاہم ٹیم کو جیت کے لیے اب بھی 419 رنز درکار ہیں۔ یہ میچ کے چوتھے دن کا اختتام تھا جہاں نیوزی لینڈ واضح طور پر مضبوط پوزیشن میں نظر آرہا ہے جبکہ ویسٹ انڈیز کو آخری دن غیر معمولی کارکردگی درکار ہوگی۔

## ولیمسن کا بین الاقوامی مستقبل تاحال غیر یقینی



ماؤنٹ مانگانوئی 21 دسمبر:نیوزڈیسک؛ نیوزی لینڈ کے سابق کپتان کین ولیمسن نے اپنے بین الاقوامی مستقبل کے حوالے سے کہا ہے کہ وہ آئندہ بھی سیریز بہ سیریز اپنی دستیابی کا فیصلہ کرتے رہیں گے اور اس معاملے میں کوئی حتمی منصوبہ فی الحال طے نہیں کیا گیا۔35 سالہ ولیمسن نومبر میں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے ریٹائر ہوچکے ہیں اور اس وقت نیوزی لینڈ کرکٹ کے ساتھ کیژول کنٹریکٹ رکھنے والے کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔ ویسٹ انڈیز کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں اپنے ہوم گراؤنڈ بے اوول پر کھیلتے ہوئے انہوں نے واضح کیا کہ نوجوان خاندان کے ساتھ وقت اور بین الاقوامی کرکٹ کے تقاضوں کے درمیان توازن ان کی اولین ترجیح ہے۔ولیمسن نے کہا کہ وہ اس وقت ٹیم کے لیے بھرپور کردار ادا کرنا چاہتے ہیں لیکن مستقبل کے دوروں اور سیریز کے حوالے سے فیصلے وقت آنے پر کیے جائیں گے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ نیوزی لینڈ کرکٹ نے ان کی صورتحال کو سمجھا ہے اور مکمل تعاون کیا ہے۔

## ناتھن لیون ہیم اسٹرنگ انجری کا شکار، ایشز سیریز میں شرکت مشکوک



ایڈیلیڈ 21 دسمبر:نیوزڈیسک: آسٹریلیا کے آف اسپنر ناتھن لیون ایڈیلیڈ ٹیسٹ کے آخری دن فیلڈنگ کے دوران دائیں ہیم اسٹرنگ کی انجری کا شکار ہوگئے ہیں جس کے بعد ایشز سیریز کے بقیہ میچوں میں ان کی شرکت پر سنجیدہ سوالیہ نشان لگ گیا ہے۔38 سالہ لیون فائن لیگ پر گیند روکنے کے لیے ڈائیو لگاتے ہوئے زخمی ہوئے اور فوراً اپنی ہیم اسٹرنگ پکڑ کر ڈریسنگ روم کی جانب اشارہ کیا جس کے بعد وہ لنگڑاتے ہوئے میدان سے باہر چلے گئے اور لنچ سے قبل بیساکھیوں کے سہارے اسٹیڈیم سے روانہ ہوکر اسکین کے لیے گئے تاہم بعد میں ایشز میں 0-3 کی فتح مکمل ہونے پر ٹیم کی تقریبات میں شامل ہوگئے۔لیون نے میچ میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے پانچ وکٹیں حاصل کیں جن میں دوسری انگز کی تین وکٹیں شامل ہیں اور کپتان پیٹ کمنز نے کہا کہ اگر وہ میلبرن ٹیسٹ کے لیے دستیاب نہ ہوئے تو ان کی جگہ پُر کرنا مشکل ہوگا کیونکہ وہ نہ صرف بریک تھرو دلاتے ہیں بلکہ انگز پر کنٹرول بھی رکھتے ہیں۔ لیون اس سے قبل 2023 کی ایشز میں لارڈز ٹیسٹ کے دوران دائیں پنڈلی کی انجری کے باعث سیریز سے باہر ہوگئے تھے۔

## محمد صلاح کا حوصلہ بلند، لیورپول کا بحران ان کی کارکردگی پر اثرانداز نہیں ہوگا



اگادیر مراکش،21 دسمبر (یواین آئی) مصر کی قومی فٹ بال ٹیم کے کوچ حسام حسن نے افریقہ کپ آف نیشنز کے اہم معرکے سے قبل واضح کیا ہے کہ محمد صلاح لیورپول میں جاری حالیہ تنازعات اور اپنے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال سے بالکل متاثر نہیں ہوئے اور وہ مکمل طور پر ٹورنامنٹ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔ صلاح ایک نئی توانائی کے ساتھ میدان میں ہیں زمبابوے کے خلاف مصر کے افتتاحی میچ سے قبل پریس کانفرنس کرتے ہوئے حسام حسن کا کہنا تھا"صلاح کا حوصلہ ٹریننگ کے دوران انتہائی بلند ہے۔ وہ ایسے پرجوش نظر آرہے ہیں جیسے انہوں نے ابھی اپنے انٹرنیشنل کیریئر کا آغاز کیا ہو۔ مجھے یقین ہے کہ وہ اپنے ملک کے لیے ایک بہترین ٹورنامنٹ کھیلیں گے۔"یاد رہے کہ محمد صلاح لیورپول کے مینیجر آرنے سلاٹ کے ساتھ اختلافات کی وجہ سے گزشتہ پانچ میچوں میں ٹیم کا حصہ نہیں تھے اور انہوں نے لیڈز یونائیٹڈ کے خلاف میچ کے بعد ایک انٹرویو میں شکوہ کیا تھا کہ انہیں کلب کی ناکامیوں کا ذمہ دار ٹھہرایا جارہا ہے۔اس تنازع کے بعد ان کے جنوری میں سعودی پرولیگ میں جانے کی افواہیں بھی گردش کررہی ہیں۔اس حوالے سے حسام حسن نے کہا"میں اسے کوئی بڑا بحران نہیں سمجھتا۔




## سمرتی مندھانا کا کشمیری ننھی مداح کے لیے محبت بھرا پیغام

### آرو ویلی کی بچی کے لیے سمرتی مندھانا کا گلے لگانے کا پیغام سوشل میڈیا پر وائرل





نئی دہلی 21 دسمبر:نیوزڈیسک: بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم کی اسٹار بلے باز سمرتی مندھانا نے کشمیر کی ایک ننھی مداح کے لیے محبت بھرا پیغام دے کر سب کے دل جیت لیے ہیں۔ معروف فلم ساز کبیر خان نے کشمیر کے حالیہ دورے کے دوران آرو ویلی میں ایک کم سن لڑکی سے ملاقات کی جو سمرتی مندھانا کی بڑی مداح نکلی۔ کبیر خان نے اس ملاقات کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ کشمیر میں کیمرے کے ساتھ گھومتے ہوئے ہمیشہ خوبصورت لمحے ملتے ہیں اور آرو کی اس ننھی بچی نے ان سے درخواست کی کہ وہ سمرتی مندھانا کو بتائیں کہ وہ ان کی پسندیدہ کھلاڑی ہیں۔ یہ پوسٹ دیکھنے کے بعد سمرتی مندھانا نے دل کو چھو لینے والا جواب دیا اور لکھا کہ آرو کی اس ننھی چیمپئن کو میری طرف سے ایک بڑا گلے لگا دینا اور اسے بتانا کہ میں بھی اس کے لیے خوشی سے تالیاں بجا رہی ہوں۔ سمرتی کے اس جواب کو سوشل میڈیا پر زبردست پذیرائی ملی اور شائقین نے ان کے خلوص کی خوب تعریف کی دوسری جانب سمرتی مندھانا سری لنکا کے خلاف شروع ہونے والی پانچ میچوں کی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں ایک تاریخی سنگ میل کے قریب ہیں جہاں وہ ویمنز ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں 4000 رنز مکمل کرنے والی پہلی بھارتی بلے باز بن سکتی ہیں۔ وہ اس وقت 3982 رنز کے ساتھ اس ریکارڈ سے صرف 18 رنز دور ہیں۔ سمرتی مندھانا نے حالیہ ویمنز ورلڈ کپ میں بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کی تاریخی ٹائٹل جیت میں کلیدی کردار ادا کیا تھا جہاں انہوں نے 9 میچوں میں 434 رنز بنا کر ایک نیا ریکارڈ قائم کیا اور ٹورنامنٹ کی نمایاں کھلاڑیوں میں شامل رہیں۔

## گڈ گورننس ویک 2025 کے تحت گاندربل میں سائیکل ریلی کا انعقاد

### ضلع ترقیاتی کمشنر نے پرشاسن گاؤں کی اور مہم کے تحت ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا




گاندربل 21 دسمبر: گڈ گورننس ویک 2025 کے سلسلے میں ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور نے آج کلاک ٹاور دودرہامہ سے سائیکل ریلی 'پیڈل فار مانسبل' کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ریلی حکومت کے پرشاسن گاؤں کی اور مہم کے تحت منعقد کی گئی جس کا مقصد عوام تک انتظامیہ کی رسائی کو مضبوط بنانا اور بہتر طرز حکمرانی کے بنیادی مقاصد سے آگاہی پیدا کرنا ہے۔ یہ سائیکل ریلی ضلع انتظامیہ گاندربل اور ولر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے اشتراک سے منعقد کی گئی جس کا مقصد شہریوں کی شمولیت میں اضافہ کرنا صحت مند طرز زندگی کو فروغ دینا اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے بیداری پیدا کرنا تھا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ضلع ترقیاتی کمشنر نے پرشاسن گاؤں کی اور مہم کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کا مقصد انتظامیہ اور عوام کے درمیان فاصلے کو کم کرنا ہے تاکہ شفاف جوابدہ اور عوام دوست طرز حکمرانی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں سرکاری اسکیموں کے بارے میں آگاہی پھیلانے اور نچلی سطح پر عوامی شراکت داری کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ریلی میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ولر مانسبل ڈیولپمنٹ اتھارٹی احسن الحق چشتی کے علاوہ ضلع اور شعبہ جاتی افسران نوجوان رضاکار اور بڑی تعداد میں عام لوگ شریک ہوئے جس سے اس مہم کے لیے عوامی حمایت کا واضح اظہار ہوا۔ یہ ریلی قصبے کے اہم علاقوں سے گزرتی ہوئی خوبصورت مانسبل جھیل پر اختتام پذیر ہوئی جہاں بہتر طرز حکمرانی عوامی صحت اور ماحولیاتی تحفظ کا مضبوط پیغام دیا گیا۔ یہ پروگرام گڈ گورننس ویک 2025 کے دوران ضلع بھر میں منصوبہ بند مختلف سرگرمیوں کا حصہ تھا جن کا مقصد سرکاری اسکیموں کے بارے میں آگاہی بڑھانا خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا اور شکایات کے ازالے کے نظام کو مضبوط کرنا ہے۔

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR,
Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781
E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781